# کیا خلع کے بعد عدت لازم ہوتی ہے؟

**مجیب:** مولانا محمد سجاد عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3499

**تاریخ اجراء:** 27رجب المرجب1446ھ /28جنوری2025ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

میرا سوال یہ ہے کہ کیا خلع کے بعد عدت پوری کرنا لازم ہے؟ اور اگر عورت خلع کے بعد عدت پوری نہ کرے تو کیا گناہ ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اگر خلع، شوہر نے دیا ہے تو خلع کے بعد عورت پر عدت لازم ہو گی، اگر عدت پوری نہیں کرے گی تو گنہگار ہو گی، کیونکہ خلع طلاق بائن ہی ہے، لہذا خلع کے بعد عورت پر طلاق والی عدت لازم ہو گی، یعنی خلع لینے والی عورت اگر ان میں سے ہے جنہیں حیض آتا ہے تو اس کی عدت تین حیض ہیں، اور اگر (نابالغی یا بڑھاپے کی وجہ سے) حیض نہیں آتا (یا عمر کے لحاظ سے بالغہ ہوئی اور اسے ابھی تک حیض آیا ہی نہیں) تو اس کی عدت تین مہینے ہے، اور اگر وہ عورت حاملہ ہے تو اس کی عدت وضع حمل (یعنی بچہ پیدا ہونے تک) ہے۔ چنانچہ الحاوی القدسی میں ہے" والعدۃ فی الخلع کالعدۃ فی الطلاق "ترجمہ: خلع میں عدت، طلاق کی عدت کی طرح ہے۔ (الحاوی القدسی، ج01، باب الخلع، ص448، النوریۃ الرضویۃ، لاھور)

فتاوی ہندیہ میں ہے" وعدۃ الحامل ان تضع حملھا کذافی الکافی "ترجمہ: اور حاملہ کی عدت یہ ہے کہ اپنا حمل جن دے، جیسا کہ کافی میں ہے۔ (فتاوی ہندیہ، ج01، ص528، دارالفکر، بیروت)

فتاوی ہندیہ میں ہے "إذا طلق الرجل امرأته طلاقا۔۔۔ وهي حرة ممن تحيض فعدتها ثلاثة أقراء۔۔ والعدة لمن لم تحض لصغر أو كبر أو بلغت بالسن ولم تحض ثلاثة أشهر كذا في النقاية "ترجمہ: جب کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دے اور وہ آزاد ہو اور ان میں سے ہو جنہیں حیض آتا ہے تو اس کی عدت تین حیض ہے اور جسے نابالغی یا بڑھاپے کی وجہ سے حیض نہیں آتا یا عمر کے لحاظ سے بالغہ ہوئی اور ابھی تک حیض نہیں آیا تو ان سب کی

عدت تین مہینے ہے، اسی طرح نقایہ میں ہے۔ (فتاوی ہندیہ، کتاب النکاح، الباب الثالث عشر فی العدۃ، ج 01، ص 526، دار الفکر، بیروت)

فتاوی رضویہ میں سیدی اعلی حضرت، مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ الرحمہ ایک سوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں: "جس روز اس نے خاوند سے خلع کیا، اسی دن سے عدت واجب ہوئی اور اس کا مکمل ہونا ضروری ہے ورنہ اس کا نکاح حرام ہے۔" (فتاوی رضویہ، ج 12، ص 652، رضا فاؤنڈیشن لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net